محکمہ اعلیٰ تعلیم صوبہ خیبر پختونخوا

سوال نمبر 1508

منجانب: محترم ارباب محمد عثمان خان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | نمبر شمار | جواب |
|---|---|---|---|
| | کیا وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ | | |
| (الف) | آیا یہ درست ہے کہ باڑہ گلی کیمپس محکمہ ہذا کے زیر نگرانی ہے؟ | (الف) | باڑہ گلی سمر کیمپس پشاور یونیورسٹی کا سمر کیمپس ہے اور اسے یہ حیثیت 1964 سے حاصل ہے۔ |
| (ب) | اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو: | (ب) | بھیجے گئے تمام سوالات کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں۔ |
| (I) | باڑہ گلی کیمپس کی موجودہ حیثیت کیا ہے، اس میں کون کون سی سرگرمیاں ہو رہی ہیں اور کتنی اراضی پر محیط ہے۔ | (I) | باڑہ گلی سمر کیمپس کی انتظامیہ ہر سال مئی سے لیکر اکتوبر تک مختلف قسم کی تعلیمی سرگرمیاں جن میں کانفرنسز، ورکشاپس، سیمپوزیم اور سمر سکولز وغیرہ شامل ہیں، کی میزبانی کرتی ہے۔ اس کا کل رقبہ 60 ایکڑ پر مشتمل ہے۔ |
| (II) | کیمپس سے سالانہ کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے اور کس طریقہ کار کے تحت محکمہ خزانہ میں جمع کی جاتی ہے؟ | (II) | باڑہ گلی سمر کیمپس کے ذرائع آمدن محدود ہیں۔ آمدن کے ذرائع یہاں پر منعقد ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں کے منتظمین سے رہائش کی مد میں لیا جانے والا کرایہ بشمول پانی اور بجلی وغیرہ ہیں۔ اخراجات سے بچ جانے والی رقم پشاور یونیورسٹی کے مین بینک اکاونٹ کو بذریعہ ٹریژرر آفس بھجوائی جاتی ہے جس کو بعد میں یونیورسٹی کے بجٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔ |
| (III) | سال 2018 سے تاحال مذکورہ کیمپس میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں پر اٹھنے والے اخراجات اور کیمپس سے حاصل ہونے والی آمدن کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ | (III) | باڑہ گلی سمر کیمپس میں پاکستان بھر کی تمام جامعات اور دیگر تعلیمی ادارے اپنی تعلیمی سرگرمیاں منعقد کرتے ہیں اور باڑہ گلی انتظامیہ ان کو صرف رہائش و دیگر ملحقہ سہولیات فراہم کرتی ہے۔ تعلیمی سرگرمیوں پر آنے والے جملہ اخراجات کا ریکارڈ متعلقہ کانفرنس / ورکشاپ کے منتظمین کے پاس ہوتا ہے۔ مالی سال 2018-19 سے لیکر مالی سال 2023-24 تک کی کل آمدن کی تفصیلات درج ذیل ہیں: |

| نمبر شمار | مالی سال | کل آمدن |
|---|---|---|
| 1 | 2018-19 | |
| 2 | 2019-20 | 59,45,348/- |
| 3 | 2020-21 | 46,53,480/- |
| 4 | 2021-22 | 1,51,59,891/- |
| 5 | 2022-23 | 1,41,59,891/- |
| 6 | 2023-24 | 1,66,00,402/- |